پایا۔ مولانا ولیِ کامل، مقرب الی اللہ تھے۔ کئی برس سے ماہنامہ الصیانہ میں مدیر کی حیثیت سے دعوتِ دین کا فریضہ ادا کر رہے تھے۔ حق تعالیٰ شانہٗ، مولانا کے درجات بلند فرمائے، اعلیٰ علیین میں مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

☆جناب **منصور الزمان صدیقی رحمۃ اللہ علیہ**: صدیقی ٹرسٹ کراچی کے مدیر و منتظم جناب منصور الزمان صدیقی گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔ مرحوم نہایت علم دوست اور حق پسند بزرگ تھے۔ انھوں نے مسلمانوں کے عقائد کی اصلاح کے لیے صدیقی ٹرسٹ سے لاکھوں کی تعداد میں دینی لٹریچر شائع کر کے مفت تقسیم کیا۔ پسماندہ علاقوں میں مساجد و مدارس قائم کیے، خصوصاً بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں بہت زیادہ تعلیمی و تبلیغی خدمات انجام دیں۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مساعی وجلیلہ قبول فرمائیں اور مغفرت فرما کر اعلیٰ درجات عطاء فرمائیں۔

☆ قاری محمد سیف اللہ جالندھری رحمہ اللہ: حضرت حافظ احمد دین رحمہ اللہ کے فرزند اور مدرسہ دعوت الحق کے مہتمم۔ انتقال: ۲۷ ربیع الاوّل ۱۴۳۷ھ / ۸ جنوری ۲۰۱۶ء

☆ حاجی محمد عمر فاروق: جھنگ کے قدیم احرار کارکن حاجی محمد یعقوب مغل کے بھتیجے اور داماد، انتقال: ۸ جنوری ۲۰۱۶ء

☆ والدہ ماجدہ محمد طارق ندیم: جھنگ میں احرار کے قدیم کارکن محمد طارق ندیم کی والدہ ماجدہ: انتقال: ۱۷ دسمبر ۲۰۱۵ء

☆ جامع مسجد اقصیٰ (اقراء بیت القرآن) غازی آباد، چیچہ وطنی کے استاد حافظ وسیم اللہ کی خوش دامن عمرہ کی سعادت کے بعد مکہ مکرمہ میں ۱۵ جنوری جمعۃ المبارک کو انتقال کر گئیں۔ جنازہ حرمِ پاک میں اور تدفین جنت المعلیٰ میں ہوئی۔

☆ چیچہ وطنی میں ہمارے دیرینہ معاون نصیر احمد (رحمٰن سٹی) کی اہلیہ 22 دسمبر کو انتقال کر گئیں۔

☆ چیچہ وطنی میں ہمارے معاون محمد سہیل مان (چک نمبر 109-12 ایل) کی پھوپھی صاحبہ، چراغ احمد مان ایڈووکیٹ کی ہمشیرہ انتقال کر گئیں۔

☆ چیچہ وطنی میں ہمارے قدیم مہربان دوست سردار محمد نسیم ڈوگر (چک نمبر 110-11 ایل) کی اہلیہ انتقال کر گئیں۔

☆ چیچہ وطنی میں ابو معاویہ محمد ابراہیم کے بھائی بابا محمد شوکت انتقال کر گئے۔

☆ چیچہ وطنی میں ہمارے معاون حاجی کفایت اللہ اور حاجی سلطان احمد کے بھائی فقیر اللہ (چک نمبر 109-12 ایل) انتقال کر گئے۔

☆ چیچہ وطنی جماعت کے امیر چودھری انوار الحق کے چچا اور بابا عبدالرحمٰن (چک نمبر 109-12 ایل) کے والد گرامی حاجی مشتاق احمد 17 جنوری اتوار کو انتقال کر گئے۔

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین اور ساری امت کے لیے دعاءِ مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)

دعاءِ صحت

☆ سید محمد کفیل بخاری کے والد ماجد حضرت حافظ سید محمد وکیل شاہ صاحب مدظلہ گزشتہ چھ ماہ سے شدید علیل ہیں۔

☆ مدرسہ معمورہ ملتان کے معاون حافظ عبدالعلیم (شانی کریانہ سٹور) علیل ہیں۔

احباب و قارئین ان کی صحت یابی کے لیے خصوصی دعا فرمائیں۔　　(ادارہ)